O

مری نیکی کا مقصد میرا سر ہے
مجھے ابلیس ہو جانے کا ڈر ہے

عبادت میں خلوصِ دل نہیں ہے
فقط اُمید ہے، خوف و خطر ہے

کوئی نیکی نہیں ہے ساتھ میرے
منافق ہوں اندھیرے کا سفر ہے

https://emad-ahmad.com/

تری رحمت سے مایوسی نہیں ہے
شفاعت کے لیے حاضر بشر ہے

میں اُس عالم سے مل کر کیا کروں گا
جو اپنے حالِ دل سے بے خبر ہے

عماد احمد مقاماتِ خرد سے
بہت آگے جنوں کا اک نگر ہے

https://emad-ahmad.com/